## سوال

(319) نماز قضاء ہو سکتی ہے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز قضاء ہو سکتی ہے یا نہیں۔ وہ کب اور کس وقت پڑھی جائے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آدمی بھول جائے یا سو جائے تو جب بھی یاد آئے یا بیدار ہو تو اسی وقت پڑھ لے وہی اس کا وقت وہ گا۔ اگر قضا سے یہی مراد ہے تو قضا ادا ہو گئی۔ اور اگر قضا سے مراد سال دو سال کی نمازیں ہوں تو ان کی دھرانے اور بطور قضا عمری پڑھنے کا کوئی ثبوت نہیں۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۶ شمارہ نمبر ۶)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 148